July to December 24 | **Edition 05**

# LIFE @ TERMINALS

FOTCO FTTL

## WHAT'S INSIDE


06 STRENGTH IN NUMBERS
18 COVER STORY
14 CORPORATE VISITS
20 MASTERING THE CRAFT


## BE BETTER TOGETHER! LEADERSHIP RETREAT 2024.

In the heart of Skardu, FOTCO and FTTL teams united for a four-day immersive experience fostering growth, trust, and collaboration. As Helen Keller said, "Alone we can do so little; together we can do so much"—a reminder that true success is built as one team.

**Dive into the full story on pages 18-19**



# EDITOR'S NOTE

Dear Readers,

Welcome to our first issue of Life@Terminals Newsletter of 2025! As we step into another exciting chapter of our journey, we're thrilled to bring you the latest updates, insights, and stories from across the organization.

This issue highlights our commitment to innovation and teamwork. From cherishing team dynamics in chilly winters of Skardu to setting the pace for the coming year, we have celebrated achievements like process digitization through Odoo to grow sustainable measures of our Solar Park. We hope you find this newsletter both informative and inspiring.

Your contributions and feedback are the heartbeat of this newsletter. We encourage you to share your thoughts, ideas, and stories with us to make this platform truly collaborative and reflective of our vibrant FOTCO & FTTL family.

Thank you for being an essential part and for taking the time to engage with our newsletter. Here is to staying informed, connected, and inspired!

Happy reading!
Sadaf Gul Sheikh

# OIL INDUSTRY OUTLOOK

In 2024, Pakistan's oil supply remained a critical pillar of the country's energy security, driven by fluctuating demand, evolving import patterns, and strategic investments plans. While industrial activity and transportation fuel consumption showed signs of recovery, overall growth remained modest due to economic uncertainties, inflation, and shifting global oil prices. Crude oil imports continued to play a pivotal role in meeting domestic refining needs. Meanwhile, fuel oil exports increased as refineries sought to balance surplus production and storage constraints.

Despite the challenges, the sector witnessed key developments aimed at enhancing sustainability and diversification. Investments are being planned in expanding refining capacity, discussions on offshore exploration, and new partnerships with global suppliers signaled efforts to strengthen supply security and reduce dependency on specific markets. Additionally, sustainability initiatives such as renewable energy integration and low-emission fuel projects gained traction, reflecting a broader shift towards environmentally responsible energy solutions. While growth projections remain moderate in the short term, Pakistan's oil industry continues to adapt to global market trends and domestic policy reforms to ensure long-term stability.

| POL CONSUMPTION | IMPORTS | DOWNTIME |
|---|---|---|
| 23.782K MT | 13.864K MT | ZERO HOURS |



# A LOOK BACK TO OUR MAJOR MILESTONES!

**(JULY 2024- DECEMBER 2024)**

In the second half of 2024, our journey has been marked by groundbreaking achievements and continued growth across all sectors. From operational advancements and training initiatives to safety milestones and team collaborations, the past six months have been a testament to our growth and forward momentum.

## DRIVING PROGRESS THROUGH EXCELLENCE

With seamless shutdowns, successful maintenance projects, and strategic advancements in safety and navigation, our team's dedication to excellence continues to drive FOTCO's success ensuring a future of continuous progress.

## POWERING EFFICIENCY IN EVERY STEP

FTTL marked efficient and cost-effective maintenance projects, strong industry collaborations, and successful condensate operations. Their ongoing efforts have been instrumental in driving operational success.



## BUILDING STRONGER TEAMS

We recognize our people as valuable assets and invest in their growth through a blend of technical and soft skills training. Engaging team activities further support their development, enabling a culture of continuous improvement.

## COMMITTED TO SAFETY AND SUSTAINABILITY

Our commitment to safety is reflected in our continuous efforts through projects like safety drills, adherence to international certification standards, rigorous audits, impactful ESG initiatives and many more. These initiatives reinforce our vision for a more sustainable world.





# STRENGTH IN NUMBERS

## HIGHLIGHTS FROM JULY – DEC, 2024

**Vessels Handled**
135

**Product Handled**
6,255,448 M.Tons

**Vessels DWT**
Min 18600 & Max 69800

**Average Flowrate**
1646 MT/HR

**Terminal Availability**
99%


**Terminal Utilization**
55%

**Total Idling**
1870 Hrs

**Jetty Vacancy**
64 Days


# FOTCO PRODUCT WISE HANDLING

**Product Wise Handling ('000 MT)**




# FTTL PRODUCT WISE HANDLING

**THROUGHPUT (MT)**



# NEW FACES, FRESH ENERGY

### MEET OUR LATEST TEAM MEMBERS!

**Let's give a warm welcome to the newest members of our team, each bringing unique skills and experiences that will contribute to our shared success.**



**Ramsha Sattar**
Sr. Supervisor Finance at FOTCO

Ramsha, a dedicated finance professional, joins us with over 2 years of experience and is currently pursuing her ACCA. We are confident that her financial expertise will play a key role in advancing FOTCO's goals.



**Waseem Ali**
Operations Incharge at FTTL

With a degree in Petroleum and Gas Engineering and over 2 years of hands-on experience in the terminals industry, Waseem is ready to contribute his technical skills to optimize operations at FTTL.



**Sajid Ali**
Operations Incharge at FTTL

A graduate in Chemical Engineering, Sajid comes to us with over 3 years of experience in the refinery and oil & gas industries. He is focused on enhancing operational efficiency and ensuring smooth day-to-day operations at FTTL.



**Muhammad Saddam**
Jetty Operator at FOTCO

With an impressive 8 years of experience and an associate diploma in Mechanical Engineering, Saddam's vast industry knowledge and technical expertise will contribute greatly to the smooth operations at FOTCO.



**Muhammad Shakeel**
Junior Supervisor, Operations at FOTCO

Bringing 13 years of experience in the field, Shakeel has a solid foundation in operations, holding an Associate Diploma in Engineering. His leadership skills will be invaluable in maintaining high performance standards within the team.



**Muhammad Sharukh**
Jetty Operator at FOTCO

With over 13 years of experience in the marine industry, Sharukh's knowledge and commitment to safety and efficiency will enhance our operations at FOTCO.

## HONORING A LIFETIME OF DEDICATION



As we welcome new talent, we also bid farewell to Dilshad Ahmed, who dedicated over three decades to FOTCO's Admin and HR department, retiring as Senior Supervisor. We extend our heartfelt gratitude for his years of service and dedication.

# A GLANCE AT OUR KEY ACHIEVEMENTS

## FTTL PROGRESS PULSE



### STRENGTHENING SAFETY AND COMPLIANCE FOR OPERATIONAL EXCELLENCE- AUGUST

At FTTL, safety and compliance are at the core of our operations. We have implemented enhanced measures to align with industry regulations ensuring the safety, reliability, and integrity of our oil storage terminal.



### SUCCESSFUL CONVERSION OF MOGAS TANK FOR CONDENSATE OPERATIONS- NOVEMBER

We have successfully converted the MOGAS Storage Tank to facilitate Condensate Intermediate Tank Transfers (ITT), decanting, and export operations. This strategic upgrade enhances operational flexibility and efficiency, meeting the evolving customer demands. The achievement reflects the dedication of our team and our commitment to delivering innovative and reliable solutions.




### REDUCING COSTS THROUGH PROACTIVE MAINTENANCE

We ensure safety and efficiency through regular maintenance, including calibration, inspections, and protective measures.
In-house cable fault rectification has reduced costs and downtime, reflecting our commitment to reliable and sustainable operations.







### REVITALIZING OUR TERMINAL

In a bid to refresh the spirit of our terminals, an extensive redecoration project was completed. This transformation includes a vibrant new coat of paint, redesigned landscapes, and elevated housekeeping standards, breathing new life into both the interior and exterior spaces.





# A GLANCE AT OUR KEY ACHIEVEMENTS

## FOTCO PROGRESS PULSE

### BERTHING OF 3,500TH VESSEL - AUGUST

FOTCO reached a significant milestone by berthing its 3,500th vessel, the MT QI LIN ZUO. This achievement brings our total throughput volume to an impressive 188.78 million metric tons (MT). Each vessel berthed and every ton of cargo handled reflect our commitment to efficiency, reliability, and continuous growth.




### SEAMLESS EXECUTION OF MAJOR SHUTDOWN AT LNG TERMINAL- OCTOBER

The planned shutdown at the PGPCL LNG terminal was successfully executed, with an in-house maintenance team completing critical maintenance on Marine Loading Arms under OEM supervision. The activity was finished safely within the scheduled timeframe, reflecting the team's commitment to operational excellence and ensuring the terminal's continued reliability.





### SUCCESSFUL HANDOVER OF PPU TO PQA- NOVEMBER

On November 14, 2024, FOTCO handed over the Portable Pilot Unit (PPU) to Port Qasim Authority (PQA) to enhance night navigation operations. The PPU will improve vessel movement accuracy and operational efficiency, supporting FOTCO's efforts to reduce idle time and maintain smooth, uninterrupted terminal operations.

### COMPLETION OF MAJOR IN-HOUSE MAINTENANCE

FOTCO's skilled workforce successfully performed major in-house maintenance tasks, demonstrating exceptional teamwork and technical expertise. This achievement highlights their commitment to cost-effective solutions, ensuring timely completion and performance of terminal operations.



### OPTIMIZING NIGHT NAVIGATION FOR ENHANCED SAFETY

FOTCO has contributed to safe night vessel navigation by conducting an FMBS study and procuring advanced equipment for PQA. Key improvements in operational procedures, along with continuous monitoring of environmental conditions, ensure the smooth and secure movement of vessels.



# CORPORATE VISITS



## DIRECTOR STRATEGY (FAUJI FOUNDATION) VISIT TO FOTCO-SEPTEMBER

FOTCO had the honor of hosting Director Strategy, Mr. Mazhar Hasnani, at our facility. The visit provided an opportunity to align strategic objectives with operational priorities, fostering a collaborative approach to achieving long-term goals.



## OGRA VISIT TO PGPCL TERMINAL - SEPTEMBER

We welcomed a delegation from OGRA to the PGPCL Terminal, where we showcased our operational practices, safety initiatives, and commitment while adhering to regulatory standards.



## VISIT OF MD & CEO, FAUJI KABIRWALA POWER CO. LTD. (FKPCL) – OCTOBER

Maj Gen Amjad Ahmed Butt (Retd), CEO & MD of FKPCL, visited the FOTCO site to strengthen industry and group collaboration. The visit included a site tour and discussions on FOTCO's role in meeting Pakistan's energy needs and its impact on the sector.



## DG OIL AND PARCO MANAGEMENT VISITED FOTCO JETTY- OCTOBER

Director General Oil, Mr. Imran Ahmed, and senior management from PARCO visited the FOTCO jetty for a comprehensive briefing on terminal operations. During the visit, key operational challenges and strategic developments were discussed. The team shared insights into the successful acquisition of night navigation approval, highlighting the obstacles overcome and the measures implemented to ensure safe and efficient nighttime operations.



## OCAC AND PAPCO VISIT OF FOTCO JETTY- NOVEMBER

Representatives from OCAC and PAPCO visited the FOTCO jetty to review operational procedures and ongoing improvement initiatives. The discussion focused on optimizing efficiency, enhancing risk management, and ensuring the terminal's reliability, fostering collaboration and alignment on operational standards.



## VISIT FROM GO PETROLEUM'S TEAM TO FTTL- DECEMBER

We were privileged to host a team from the Transport and Distribution department of Go Petroleum at FTTL. The visit was aimed at gaining a deeper understanding of our operational framework and conducting a comprehensive system review.



# BEYOND THE WORKPLACE

## CONNECTING, CELEBRATING, AND GROWING TOGETHER!



### INDEPENDENCE DAY CELEBRATION – AUGUST

The Independence Day was celebrated with enthusiasm, featuring a flag hoisting ceremony and a gathering of employees to honor the occasion.

### CELEBRATING THE SUCCESSFUL 4TH MLA INSTALLATION – AUGUST

All employees came together to celebrate and recognize the outstanding efforts of all departments in ensuring a smooth installation of 4th Marine Loading Arm (MLA).



### RAISING AWARENESS ON BONE HEALTH – OCTOBER

A health awareness session was arranged for employees on Arthritis Day, focusing on bone and joint health. The session helped create awareness about prevention strategies for such diseases.



### FAMILY FUN AT BAHRIA ADVENTURE LAND – OCTOBER

Employees enjoyed a fun-filled picnic with their families, promoting employees' well-being through a refreshing and joyful day out.





### FOTCO & FTTL CRICKET TOURNAMENT – NOVEMBER

A thrilling one-day cricket tournament brought about the enthusiasm, competitiveness, and athleticism of employees. Special games and competition were also arranged for employees' families, with attractive gifts awarded to the winners. FTTL Stallions emerged as the champions.





### HAJJ BALLOTING – VALUING OUR PEOPLE

In line with our commitment to employee welfare, a Hajj balloting was conducted and our employee "Muhammad Ishaq- Qasid" was selected for a company-sponsored Hajj for the upcoming pilgrimage.

### SPREADING JOY THIS CHRISTMAS- DECEMBER

As part of our commitment to Diversity, Equity, and Inclusion (DEI), Christmas gifts were distributed to our Christian employees, making their festive season even more special.





### HONORING LONG SERVICE – EMPLOYEE FAREWELL

A farewell ceremony was held to appreciate and recognize the long service of a retiring employee, "Dilshad Ahmed" who served almost three decades at FOTCO in Admin & HR department.



# COVER STORY

## BE BETTER TOGETHER– LEADERSHIP RETREAT IN SKARDU

FOTCO and FTTL teams embarked on a three-day leadership retreat in the breathtaking landscapes of Skardu, themed "Be Better Together". The retreat focused on key leadership and team-building concepts, including trust, feedback, empathy, and leadership principles.

Amidst Skardu's beauty, the team reconnected, recharged, and returned with a renewed commitment to collaboration and excellence.





# MASTERING THE CRAFT

**TALES FROM OUR TRAINING SESSIONS!**

## PPU TRAINING – AUGUST

In collaboration with Port Qasim Authority, FOTCO conducted a training session on Portable Pilot Units (PPU) to improve efficiency and accuracy during night navigation.



## MASTERING TIME & STRESS MANAGEMENT – SEPTEMBER

Dr. Babur Zahiruddin conducted an insightful training session on Time and Stress Management, equipping employees with strategies to enhance productivity and maintain a healthier work-life balance.





## BUILDING HIGH-PERFORMANCE TEAMS – NOVEMBER

For the first time, employees from FOTCO, FAP, and FTTL participated in a transformative training session led by Sohail Zindani. The session emphasized collaboration, performance enhancement, and fostering a culture of trust and open dialogue.




## HR CONNEX 2024 – NOVEMBER

Fauji Foundation Terminals (FOTCO, FTTL, & FAP) proudly participated in HR Connex 2024, delving into key themes such as Agile HR, AI, and the Future of Work. The conference provided HR professionals with insights to adapt, innovate, and drive meaningful change in a dynamic landscape.

## PROJECT MANAGEMENT EXCELLENCE – NOVEMBER

Employees attended a three-day Project Management workshop, gaining industry-standard knowledge, tools, and techniques to manage projects effectively and efficiently.









## ENHANCING ROAD SAFETY & VEHICLE MAINTENANCE – NOVEMBER

An in-house training session for drivers, led by an expert from Toyota Southern Motors, provided crucial insights into road safety and vehicle maintenance, promoting technical knowledge and safer driving practices.

## BEST PRACTICES IN MAINTENANCE & RELIABILITY – NOVEMBER

To strengthen cross-company collaboration, O&M employees attended FPCL's "Maintenance and Reliability Best Practices" training, aimed at enhancing efficiency, minimizing downtime, and driving continuous improvement.

## EXCELLING IN DATA MANAGEMENT – DECEMBER

A two-day in-house training on MS Excel 365, led by Aasim Alee, provided hands-on learning to improve efficiency, enhance data analysis skills, and optimize spreadsheet management.







## UNLOCKING THE POWER OF ADVANCED ANALYTICS – DECEMBER

To equip employees with expertise in leveraging BI and AI tools, an external training session was conducted, focusing on advanced analytics and data-driven decision-making.



## CERTIFIED MAINTENANCE & RELIABILITY PROFESSIONAL (CMRP) TRAINING – DECEMBER

A specialized three-day training was organized for Operations employees on International Maintenance and Reliability Certification, focusing on asset optimization, downtime reduction, and aligning maintenance strategies with business objectives.



## FOTCO & FTTL: SHAPING FUTURE LEADERS

FOTCO and FTTL have welcomed 200 students from various schools for site visits offering first-hand insights into port operations. These experiences bridge classroom learning with real-world applications while strengthening our employer brand by engaging future talent.



Dawood Public School



St Marry Higher Secondary School







Pathways British School

# IT CORNER

## INTRODUCING FTTL TANK MANAGEMENT SOFTWARE

We are excited to announce the launch of our innovative in-house developed FTTL Tank Management Software. Designed to transform the way Oil Marketing Companies (OMCs) manage fuel tanks, this cutting-edge software simplifies operations, enhances efficiency, and ensures exceptional accuracy. With a strong focus on transparency and data-driven insights, the software delivers seamless management and streamlines every step of the tank management process.







## KEY FEATURES

- **Automated Loading Process**
- **Advance Monitoring and Insights**
- **API Integration**
- **Real Time Calculations**
- **Comprehensive Reporting**

# HSE MILESTONES

**LEADING THE WAY IN SAFETY, COMPLIANCE, AND SUSTAINABILITY!**

## IMS CERTIFICATION- NOVEMBER

Fauji Oil Terminal & Distribution Company (FOTCO) recently underwent a successful IMS Surveillance Audit for ISO 9001, ISO 14001, and ISO 45001 at our Oil Jetty facility, conducted by Bureau Veritas. This successful audit reflects our ongoing dedication to upholding the highest standards in quality management, environmental stewardship, and workplace safety.










## FTTL HONORED WITH THE 14TH NFEH FIRE SAFETY AWARD

FTTL reached another milestone by meeting the criteria for the prestigious 14th NFEH Fire Safety Award, reaffirming our commitment to safety, excellence and high operational standards.




## PMSA AUDIT- SEPTEMBER

FOTCO recently underwent a successful audit by PMSA to assess compliance with the National Marine Disaster Contingency Plan (NMDCP) guidelines, highlighting our commitment to legal and statutory compliance and maintaining high operational standards.





## JOINT FIRE DRILL WITH FSRU- SEPTEMEBR

FOTCO conducted a fire drill at the LPG terminal in collaboration with FSRU, with FOTCO and FTTL firefighting teams participating alongside teams from other terminals. This joint drill strengthened collaborative response capabilities and safety preparedness.



## UNANNOUNCED DRILL AT FTTL

An unannounced fire drill at FTTL tested the team's ability to execute a swift and complete evacuation, showcasing our commitment to maintaining strong emergency preparedness and operational safety.



# SUSTAINABILITY

## HARNESSING THE POWER OF SOLAR ENERGY

FOTCO is proud to announce the successful installation and activation of its solar power system. This significant milestone represents a major step in enhancing energy efficiency and reducing reliance on conventional energy sources. With the operational load now transitioning to the solar system, FOTCO not only improves operational sustainability but also supports global environmental objectives.



## PLANTING HOPE, GROWING SUSTAINABILITY

At our company, sustainability isn't just a goal-it's a commitment rooted in action. As part of our ongoing efforts for a greener future, every employee planted a seed, symbolizing growth, hope, and a shared responsibility for a sustainable tomorrow. Together, we are not just planting trees; we are cultivating a legacy of environmental stewardship for generations to come.







# REFLECTING ON A YEAR OF SUCCESS






Achievements




Celebrations




Sustainability

**Great achievements are born from great challenges, and every step forward is a story of dedication, passion, and resilience.**




Growth and Development




Mentorship Programs







Industry Connection

# پائیداری

## شمسی توانائی سے روشن مستقبل

FOTCO کو اپنے شمسی توانائی کے نظام کی کامیاب تنصیب اور فعال ہونے کا اعلان کرتے ہوئے فخر ہے۔ یہ اہم سنگ میل توانائی کی کارکردگی بڑھانے اور روایتی توانائی کے ذرائع پر انحصار کم کرنے کی جانب بڑا قدم ہے۔ شمسی نظام پر منتقلی سے نہ صرف عملی استحکام میں بہتری آئے گی بلکہ عالمی ماحولیاتی اہداف کی تکمیل میں بھی معاونت ملے گی۔



## ماحولیاتی بہتری کیلئے اُمیدوں کی شجرکاری

ہمارے ہاں پائیداری محض ایک مقصد نہیں، بلکہ عملی اقدامات میں جڑی مضبوط وابستگی ہے۔ ماحولیاتی بہتری کے عزم کے تحت، ہر ملازم نے شجرکاری کیلئے ایک بیج لگایا، جو ترقی، امید اور مشترکہ ذمہ داری کی علامت ہے۔ ہم صرف درخت نہیں لگا رہے، بلکہ ماحولیاتی تحفظ کی روایت تشکیل دے رہے ہیں جو آنے والی نسلوں کے لیے پائیدار ورثہ بنے گی۔







# HSE سنگِ میل

**محفوظ، پائیدار اور معیاری کام کے لیے قیادت!**

## IMS سرٹیفیکیشن - نومبر

فوجی آئل ٹرمینل اینڈ ڈسٹری بیوشن کمپنی (FOTCO) نے حال ہی میں اپنے آئل جیٹی فیسلٹی پر ISO 9001, ISO 14001, اور ISO 45001 کے لیے IMS سرویلنس آڈٹ کامیابی سے مکمل کیا، جو بیورو ویریٹاس کے تحت منعقد ہوا۔ یہ کامیابی ہمارے عزم کی عکاسی کرتی ہے کہ ہم معیار، ماحولیاتی تحفظ، اور کام کی جگہ کی حفاظت کے اعلیٰ ترین معیارات کو برقرار رکھنے پر یقین رکھتے ہیں۔













## FTTL کو 14th NFEH فائر سیفٹی ایوارڈ سے نوازا گیا

FTTL نے ایک اور سنگ میل عبور کرتے ہوئے 14th NFEH فائر سیفٹی ایوارڈ کے لیے درکار معیار کو کامیابی سے پورا کیا۔ یہ اعزاز محفوظ آپریشنز اور اعلیٰ حفاظتی معیارات کے لیے ہمارے غیر متزلزل عزم کی توثیق کرتا ہے۔



## PMSA آڈٹ - ستمبر

FOTCO نے حال ہی میں PMSA کا کامیاب آڈٹ مکمل کیا، جس کا مقصد نیشنل میرین ڈیزاسٹر کنٹیجنسی پلان (NMDCP) کے رہنما اصولوں پر عمل درآمد کا جائزہ لینا تھا۔ یہ کامیابی ہماری قانونی اور ضابطہ جاتی تقاضوں کی پاسداری کا اظہار ہے۔






## FSRU کے ساتھ مشترکہ فائر ڈرل – ستمبر

FOTCO نے LPG ٹرمینل پر FSRU کے اشتراک سے ایک فائر ڈرل کا انعقاد کیا، جس میں FOTCO اور FTTL کی فائر فائٹنگ ٹیموں نے دیگر ٹرمینلز کی ٹیموں کے ساتھ حصہ لیا۔ اس مشترکہ مشق نے ہنگامی ردعمل کی صلاحیتوں اور حفاظتی تیاری کو مزید مضبوط بنایا۔

## FTTL میں بغیر پیشگی اطلاع فائر ڈرل

FTTL میں بغیر پیشگی اطلاع فائر ڈرل کا انعقاد کیا گیا، جس کا مقصد ٹیم کے فوری اور مکمل انخلا کی صلاحیت کو جانچنا تھا۔ یہ مشق ہماری ہنگامی حالات سے نمٹنے کی تیاری اور آپریشنل سیفٹی کے عزم کا مظہر ہے۔







# آئی ٹی کارنر

## FTTL ٹینک مینجمنٹ سافٹ ویئر کی شاندار پیشکش

ہمیں یہ اعلان کرتے ہوئے خوشی ہو رہی ہے کہ جدید FTTL ٹینک مینجمنٹ سافٹ ویئر متعارف کرایا جا رہا ہے۔ ان-ہاؤس تیار کردہ یہ جدید سافٹ ویئر آئل مارکیٹنگ کمپنیوں (OMCs) کے لیے ایندھن کے ٹینکس کے انتظام کو آسان اور مؤثر بنانے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے۔ یہ نظام آپریشنز کو خودکار بناتے ہوئے نہ صرف درستگی اور شفافیت کو یقینی بناتا ہے بلکہ ڈیٹا پر مبنی بصیرت فراہم کر کے ہر مرحلے کو مزید بہتر اور منظم بناتا ہے۔




## نمایاں خصوصیات

- خودکار لوڈنگ پروسیس
- جدید مانیٹرنگ اور تجزیہ
- API انٹیگریشن
- ریئل ٹائم کیلکولیشنز
- جامع رپورٹنگ

## جدید اینالیٹکس کی طاقت کو سمجھنا - دسمبر

FOTCO اور FTTL کے ملازمین کو BI اور AI ٹولز کے مؤثر استعمال میں مہارت فراہم کرنے کے لیے ایک ایکسٹرنل ٹریننگ سیشن کا انعقاد کیا گیا۔ اس تربیت میں ڈیٹا پر مبنی فیصلہ سازی اور جدید اینالیٹکس پر خصوصی توجہ دی گئی۔



## سرٹیفائیڈ مینٹیننس اینڈ ریلائیبلٹی پروفیشنل (CMRP) ٹریننگ - دسمبر

آپریشنز کے ملازمین کے لیے تین روزہ خصوصی تربیتی سیشن کا انعقاد کیا گیا، جس میں بین الاقوامی مینٹیننس اینڈ ریلائیبلٹی سرٹیفکیشن پر توجہ دی گئی۔ ٹریننگ کا مقصد اثاثوں کی بہتر نگہداشت، ڈاؤن ٹائم میں کمی اور کاروباری اہداف کے مطابق مینٹیننس اسٹریٹیجیز کو ہم آہنگ کرنا تھا۔



## FOTCO اور FTTL کی مستقبل کے قائدین کی تربیت

FOTCO اور FTTL نے مختلف اسکولوں کے 200 طلبہ کا خیر مقدم کیا، جنھیں پورٹ آپریشنز کے عملی مشاہدے کا موقع فراہم کیا گیا۔ یہ دورے تعلیمی نظریات کو عملی تجربے سے جوڑنے میں مددگار ثابت ہوئے، جبکہ مستقبل کے باصلاحیت افراد کو راغب کرکے ہمارے ایمپلائر برانڈ کو مزید مضبوط بنایا۔



داؤد پبلک اسکول



سینٹ میری ہائر سیکنڈری اسکول





پاتھ وے برٹش اسکول







## روڈ سیفٹی اور گاڑیوں کی مینٹیننس میں بہتری - نومبر

FOTCO اور FTTL کے ڈرائیوروں کے لیے Toyota Southern Motors کے ماہر کی زیرِ نگرانی ایک ان ہاؤس ٹریننگ سیشن کا انعقاد کیا گیا۔ اس سیشن میں روڈ سیفٹی اور گاڑیوں کی مینٹیننس کے حوالے سے قیمتی معلومات فراہم کی گئیں، جن کا مقصد تکنیکی مہارت میں اضافہ اور محفوظ ڈرائیونگ کے اصولوں کو فروغ دینا تھا۔

## بہترین مینٹیننس اور پائیداری کے طریقے - نومبر

FOTCO اور FTTL کے O&M ملازمین نے FPCL کے زیرِ اہتمام "Maintenance and Reliability Best Practices" ٹریننگ میں شرکت کی۔ اس تربیت کا مقصد کارکردگی میں بہتری، کم سے کم وقت کے ضیاع، اور مسلسل ترقی کے عمل کو فروغ دینا تھا۔

## ڈیٹا مینجمنٹ میں مہارت - دسمبر

FOTCO اور FTTL کے ملازمین کے لیے MS Excel 365 پر دو روزہ ان ہاؤس ٹریننگ منعقد کی گئی، جس کی قیادت عاصم علی نے کی۔ اس تربیت نے ملازمین کو ڈیٹا اینالسس کی مہارت، اسپریڈشیٹ مینجمنٹ، اور مجموعی کارکردگی کو بہتر بنانے میں مدد فراہم کی۔





# مہارت کا کمال

ٹریننگ سیشنز کی کہانیاں!



## PPU ٹریننگ - اگست

FOTCO نے پورٹ قاسم اتھارٹی کے اشتراک سے پورٹیبل پائلٹ یونٹس (PPU) پر ایک تربیتی سیشن منعقد کیا، جس کا مقصد رات کی نیویگیشن کے دوران کارکردگی اور درستگی کو بہتر بنانا تھا۔

## وقت اور دباؤ کے مؤثر انتظام کی مہارت - ستمبر

ڈاکٹر بابر ظہیرالدین نے وقت اور دباؤ کے انتظام پر ایک معلوماتی تربیتی نشست منعقد کی، جس میں ملازمین کو پیداواری صلاحیت بڑھانے اور کام و زندگی کے توازن کو بہتر بنانے کی حکمتِ عملیوں سے روشناس کرایا گیا۔








## اعلیٰ کارکردگی کی حامل ٹیموں کی تشکیل - نومبر

FOTCO, FAP اور FTTL کے ملازمین نے سہیل زِندانی کی زیرِ قیادت ٹریننگ سیشن میں شرکت کی۔ اس نشست میں تعاون، کارکردگی میں اضافے، اعتماد کے فروغ، اور کھلے مکالمے کے کلچر کو پروان چڑھانے پر زور دیا گیا۔

## HR Connex 2024 - نومبر

FOTCO اور FTTL نے فخر کے ساتھ HR Connex 2024 میں شرکت کی، جہاں ایچ آر، مصنوعی ذہانت (AI) اور مستقبل کے کام جیسے اہم موضوعات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ یہ کانفرنس ایچ آر پروفیشنلز کے لیے ایک قیمتی موقع ثابت ہوئی، جس نے انہیں تیزی سے بدلتے ہوئے ماحول میں نئے رجحانات اپنانے، جدت لانے، اور بامعنی تبدیلیاں متعارف کرانے کے لیے مفید معلومات فراہم کی۔




## پروجیکٹ مینجمنٹ میں مہارت - نومبر

FOTCO اور FTTL کے ملازمین نے ایک تین روزہ پروجیکٹ مینجمنٹ ورکشاپ میں شرکت کی، جہاں انہیں صنعتی معیار کے علم، جدید ٹولز، اور مؤثر تکنیکوں سے روشناس کرایا گیا، تاکہ وہ منصوبوں کو زیادہ موثر انداز میں سنبھال سکیں۔





# سرورق

## مل کر آگے بڑھیں – اسکردو میں لیڈرشپ ریٹریٹ

FOTCO اور FTTL کی ٹیمز نے اسکردو کے شاندار پہاڑوں اور دلکش مناظر میں تین روزہ لیڈرشپ ریٹریٹ کا حصہ بن کر ایک یادگار سفر کیا۔ "مل کر آگے بڑھیں" کے عنوان سے منعقدہ اس ریٹریٹ میں قیادت، بھروسا، ٹیم ورک اور ایک دوسرے کو بہتر بنانے کے اصولوں پر روشنی ڈالی گئی۔

اسکردو کی خوبصورتی میں، ٹیم ممبران نے ایک دوسرے کے ساتھ وقت گزارا، نئے خیالات کا تبادلہ کیا اور خود کو نئی توانائی بخشی۔ یہ سفر نہ صرف بہت کچھ سیکھنے اور سمجھنے کا بہترین موقع تھا بلکہ باہمی تعاون کو مزید مضبوط کرنے کا بھی اس رٹیریٹ کا اہم مقصد تھا۔ اس دورے کے بعد ٹیمز نئے عزم اور جوش کے ساتھ واپس لوٹیں تاکہ وہ مل کر مزید بلندیاں حاصل کریں۔



# کام کی دنیا سے آگے

## خوشیاں منانا اور مل کر ترقی کرنا!



### یومِ آزادی کی تقریبات – اگست

ہم نے یومِ آزادی جوش و خروش کے ساتھ منایا، جس میں پرچم کشائی کی تقریب منعقد ہوئی اور ملازمین نے قومی جذبے کے ساتھ اس دن کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے بھرپور شرکت کی۔

### چوتھے میرین لوڈنگ آرم (MLA) کی کامیاب تنصیب کا جشن – اگست

تمام ملازمین نے مل کر چوتھے میرین لوڈنگ آرم (MLA) کی کامیاب تنصیب میں تمام شعبوں کی شاندار کارکردگی کو سراہا اور اس بڑی کامیابی کا جشن منایا۔



### ہڈیوں کی صحت سے متعلق آگاہی – اکتوبر

ورلڈ آرتھرائٹس ڈے کے موقع پر ملازمین کے لیے صحت کا آگاہی سیشن منعقد کیا گیا، جس میں ہڈیوں اور جوڑوں کی صحت کا خیال رکھنے کے بارے میں بتایا گیا۔ سیشن نے بیماریوں سے بچاؤ کی تدابیر پر روشنی ڈالی۔



### بحریہ ایڈونچر لینڈ میں فیملی فن – اکتوبر

ملازمین نے اپنے خاندانوں کے ساتھ ایک خوشگوار اور تفریحی پکنک سے لطف اندوز ہوکر تازگی اور خوشی بھرا دن گزارا، جو ان کی فلاح و بہبود کے فروغ کا حصہ تھا۔



### FOTCO & FTTL کرکٹ ٹورنامنٹ - نومبر

ہم نے ون ڈے کرکٹ ٹورنامنٹ کا انعقاد کیا، جس میں ملازمین نے بھرپور جوش و خروش کے ساتھ اپنی مہارت اور ٹیم ورک کا مظاہرہ کیا۔ اس موقع پر ٹورنامنٹ کے ساتھ ساتھ ملازمین کے اہلخانہ کے لیے بھی خصوصی کھیل اور دلچسپ مقابلے منعقد کیے گئے، جن میں کامیاب ہونے والوں کو شاندار انعامات سے نوازا گیاجبکہ FTTL اسٹالیئنز نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے چیمپئن شپ اپنے نام کی۔





### حج قرعہ اندازی ۔ ملازمین کی فلاح و بہبود

ملازمین کی فلاح و بہبود کے عزم کے تحت حج قرعہ اندازی کی گئی، جس میں ہمارے ملازم "محمد اسحاق – قاصد" کو کمپنی کی جانب سے اس سال حج پر بھیجنے کے لیے منتخب کیا گیا۔

### کرسمس کی خوشیاں بانٹنا – دسمبر

ہماری تنوع، برابری، اور شمولیت (DEI) کی پالیسی کے تحت، مسیحی ملازمین کو کرسمس کے تحائف پیش کیے گئے، تاکہ کرسمس کے تہوار کو اُن کیلئے خوشگوار اور یادگار بنایا جا سکے۔





### طویل خدمات کا اعتراف – الوداعی تقریب

FOTCO نے پروقار الوداعی تقریب کا انعقاد کیا، جس میں دلشاد احمد کی تین دہائیوں پر محیط شاندار خدمات کو خراجِ تحسین پیش کیا گیا۔ انہوں نے ایڈمن اور ایچ آر ڈپارٹمنٹ میں اپنی لگن اور محنت سے نمایاں کردار ادا کیا اور ان کی خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔



# کارپوریٹ دورے





## ڈائریکٹر اسٹریٹیجی (فوجی فاؤنڈیشن) کا FOTCO کا دورہ – ستمبر

FOTCO کو ڈائریکٹر اسٹریٹیجی، محترم مظہر حسنین کی میزبانی کا اعزاز حاصل ہوا۔ اس دورے کے دوران اسٹریٹجک اہداف اور آپریشنل ترجیحات کے درمیان ہم آہنگی پر تبادلہ خیال کیا گیا، جس سے طویل مدتی مقاصد کے حصول کے لیے باہمی تعاون کو فروغ ملا۔

## OGRA وفد کا PGPCL ٹرمینل کا دورہ – ستمبر

PGPCL ٹرمینل میں ہمیں OGARA کے وفد کا خیر مقدم کرنے کا موقع ملا، جہاں ہم نے اپنے آپریشنل طریقہ کار، حفاظتی اقدامات اور ریگولیٹری معیارات کی پاسداری پر روشنی ڈالی، اس بات کو یقینی بناتے ہوئے کہ ہم بہترین صنعتی اصولوں پر کاربند رہیں۔



## ایم ڈی اور سی ای او، فوجی کبیر والا پاور کمپنی (FKPCL) کا دورہ – اکتوبر

میجر جنرل (ریٹائرڈ) امجد احمد بٹ، ایم ڈی اور سی ای او FKPCL نے FOTCO کا دورہ کیا تاکہ صنعتی اور گروپ تعاون کو مزید مضبوط کیا جا سکے۔ اس دورے میں سائٹ ٹور اور پاکستان کی توانائی ضروریات کو پورا کرنے میں FOTCO کے کردار پر بات چیت شامل تھی۔



## ڈی جی آئل اور PARCO مینجمنٹ کا FOTCO جیٹی کا دورہ – اکتوبر

ڈائریکٹر جنرل آئل، محترم عمران احمد اور PARCO کی سینئر مینجمنٹ نے FOTCO جیٹی کا دورہ کیا، جہاں انہیں ٹرمینل آپریشنز پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اس دوران کلیدی آپریشنل چیلنجز اور اسٹریٹجک پیش رفت پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ٹیم نے نائٹ نیویگیشن کی کامیاب منظوری کے حصول کے عمل پر روشنی ڈالی اور اس میں درپیش رکاوٹوں و محفوظ و موثر رات کے وقت آپریشنز کے لیے نافذ کردہ اقدامات کے بارے میں بتایا گیا۔



## OCAC اور PAPCO وفد کا FOTCO جیٹی کا دورہ – نومبر

OCAC اور PAPCO کے نمائندوں نے FOTCO جیٹی کا دورہ کیا تاکہ آپریشنل طریقہ کار کی بہتری کے لئے جاری اقدامات کا جائزہ لیا جا سکے۔ گفتگو کا مرکز کارکردگی کو بہتر بنانا، رسک مینجمنٹ کو مضبوط کرنا اور ٹرمینل کی قابل اعتماد کارکردگی کو یقینی بنانا رہا، جس سے باہمی تعاون اور آپریشنل معیارات میں ہم آہنگی کو فروغ ملے گا۔



## GO PETROLEUM ٹیم کا FTTL کا دورہ – دسمبر

ہمیں GO PETROLEUM کے ٹرانسپورٹ اینڈ ڈسٹری بیوشن ڈپارٹمنٹ کی ٹیم کی میزبانی کا اعزاز حاصل ہوا۔ اس دورے کا مقصد ہمارے آپریشنل فریم ورک کو گہرائی سے سمجھنا اور سسٹم کا جامع تجزیہ کرنا تھا تاکہ باہمی تعاون اور کارکردگی میں بہتری کے مواقع دریافت کیے جا سکیں۔



# نمایاں کامیابیوں پر ایک نظر

FOTCO ترقی کی جھلک

## 3,500ویں ویسل کی برتھنگ - اگست

FOTCO نے اپنی 3,500ویں ویسل MT QILIN ZUO کی کامیاب برتھنگ کے ساتھ ایک اور اہم سنگ میل عبور کر لیا۔ اس شاندار کامیابی کے ساتھ ہمارا مجموعی تھروپٹ حجم 188.78 ملین میٹرک ٹن (MT) تک پہنچ گیا ہے۔ ہر برتھ کی گئی ویسل اور ہینڈل کیے گئے ہر ٹن کارگو میں ہماری مؤثر کارکردگی اور مسلسل ترقی کے عزم کی جھلک نظر آتی ہے۔






## LNG ٹرمینل پر بڑے شٹ ڈاؤن کی کامیاب تکمیل – اکتوبر

PGPCL LNG ٹرمینل پر طے شدہ شٹ ڈاؤن کو انتہائی مہارت کے ساتھ مکمل کیا گیا۔ ہماری ان ہاؤس مینٹیننس ٹیم نے OEM کی نگرانی میں میرین لوڈنگ آرمز کی اہم مینٹیننس انجام دی، جسے مقررہ مدت میں مکمل کیا گیا۔ یہ کامیابی ہماری ٹیم کی پیشہ ورانہ مہارت، آپریشنل ایکسیلنس، اور ٹرمینل کی بلا تعطل فعالیت کو یقینی بنانے کے عزم کی عکاسی کرتی ہے۔



## PPU کا POA کو کامیاب حوالہ – نومبر

14 نومبر 2024 کو، FOTCO نے پورٹیبل پائلٹ یونٹ (PPU) کو پورٹ قاسم اتھارٹی (POA) کے حوالے کر دیا، جس کا مقصد نائٹ نیویگیشن آپریشنز کو مزید مؤثر بنانا ہے۔ یہ جدید نظام جہازوں کی نقل و حرکت کی درستگی اور آپریشنل کارکردگی کو بڑھائے گا، جس سے انتظار کے وقت (Idle Time)میں کمی آئے گی اور ٹرمینل کے بلا تعطل آپریشنز کو یقینی بنایا جائے گا۔



## بڑے پیمانے پر اندرونی مینٹیننس کی تکمیل

FOTCO کی ماہر افرادی قوت نے بڑے پیمانے پر اندرونی مینٹیننس کے اہم کام کامیابی سے مکمل کیے، جس میں شاندار ٹیم ورک اور تکنیکی مہارت کا مظاہرہ کیا گیا۔ یہ کامیابی لاگت کی بچت پر مبنی حل فراہم کرنے کے عزم کو ظاہر کرتی ہے، جو ٹرمینل آپریشنز کی بروقت تکمیل اور بہترین کارکردگی کو یقینی بناتی ہے۔



## محفوظ نائٹ نیویگیشن کے لیے اصلاحی اقدامات

FOTCO نے رات کے وقت جہاز رانی کو مزید محفوظ بنانے میں اہم کردار ادا کیا، جس میں FMBS اسٹڈی کی تکمیل اور پورٹ قاسم اتھارٹی (PQA) کے لیے جدید آلات کی فراہمی شامل ہے۔ آپریشنل طریقہ کار میں کلیدی بہتری اور ماحولیاتی حالات کی مسلسل نگرانی جہازوں کی ہموار اور محفوظ نقل و حرکت کو یقینی بناتی ہے۔



## فعال مینٹیننس کے ذریعے لاگت میں کمی

ہم باقاعدہ مینٹیننس، جس میں کیلیبریشن، معائنے اور حفاظتی اقدامات شامل ہیں، کے ذریعے حفاظت اور کارکردگی کو یقینی بناتے ہیں۔ ان ہاؤس کیبل فالٹ کی اصلاح سے لاگت اور ڈاؤن ٹائم میں نمایاں کمی آئی ہے، جو قابلِ بھروسہ اور پائیدار آپریشنز کے لیے ہمارے عزم کی عکاسی کرتی ہے۔





## ٹرمینل کی نئی زندگی

ٹرمینلز کے ماحول کو تازگی بخشنے کے لیے ایک وسیع تزئین و آرائش کا منصوبہ مکمل کیا گیا۔ اس تبدیلی میں جدید رنگ و روغن، بہتر لینڈ اسکیپنگ، اور اعلیٰ معیار کی ہاؤس کیپنگ شامل ہیں، جو اندرونی اور بیرونی ماحول میں نئی روح پھونک رہے ہیں۔







# نمایاں کامیابیوں پر ایک نظر

FTTL ترقی کی جھلک





## عملی برتری کے لیے حفاظتی اور تعمیلی اقدامات کی مضبوطی – اگست

FTTL میں، حفاظت اور ضابطوں کی پاسداری ہمارے آپریشنز کا بنیادی جُز ہے۔ ہم نے صنعتی معیارات سے ہم آہنگی کے لیے جدید اقدامات متعارف کرائے ہیں، تاکہ اپنے آئل اسٹوریج ٹرمینل کی حفاظت، پائیداری اور بھروسے کو یقینی بنایا جا سکے۔




## MOGAS ٹینک کی کامیاب تبدیلی برائے کنڈینسیٹ آپریشنز – نومبر

ہم نے MOGAS اسٹوریج ٹینک کو کامیابی کے ساتھ کنڈینسیٹ انٹرمیڈیٹ ٹینک ٹرانسفر (ITT)، ڈیکینٹنگ اور ایکسپورٹ آپریشنز کے لیے تبدیل کر لیا ہے۔ یہ اسٹریٹیجک بہتری آپریشنل لچک اور کارکردگی میں اضافہ کرتی ہے، تاکہ بدلتی ہوئی صارفین کی ضروریات کو مؤثر انداز میں پورا کیا جا سکے۔ یہ کامیابی ہماری ٹیم کی لگن اور جدید و قابلِ بھروسہ حل فراہم کرنے کے عزم کی عکاسی کرتی ہے۔

# نئے چہرے، نئی توانائی

## ہماری ٹیم کے نئے ممبرز سے ملیے!

آیئے خوش دلی سے اپنی ٹیم میں شامل ہونے والے نئے ساتھیوں کو خوش آمدید کہتے ہیں۔ ہم امید کرتے ہیں کہ ان میں سے ہر ایک اپنی منفرد مہارتوں اور تجربات کے ساتھ ہمارے مشترکہ کامیابی کے سفر میں اہم کردار ادا کرے گا۔



### رمشہ ستار
سینئر سپروائزر فنانس، FOTCO

رمشہ ایک محنتی فنانس پروفیشنل ہیں، جو دو سال سے زائد تجربہ رکھتی ہیں اور اس وقت ACCA کر رہی ہیں۔ ہمیں یقین ہے کہ ان کی مہارتیں FOTCO کے اہداف کو آگے بڑھانے میں اہم ثابت ہوں گی۔



### وسیم علی
آپریشنز انچارج، FTTL

پیٹرولیم اور گیس انجینئرنگ کی ڈگری اور ٹرمینلز انڈسٹری میں دو سال سے زائد عملی تجربے کے ساتھ، وسیم اپنی تکنیکی مہارتوں کے ذریعے FTTL کی آپریشنز کو بہتر بنانے میں معاون ثابت ہوں گے۔



### ساجد علی
آپریشنز انچارج، FTTL

کیمیکل انجینئرنگ میں گریجویٹ، ساجد تین سال سے زائد عرصے تک ریفائنری اور آئل اینڈ گیس انڈسٹری میں کام کر چکے ہیں۔ وہ آپریشنل استعداد کو بڑھانے اور FTTL میں روزمرہ کے آپریشنز کو ہموار رکھنے کے لیے پرعزم ہیں۔



### محمد صدام
جیٹی آپریٹر، FOTCO

کیمیکل انجینئرنگ میں ایسوسی ایٹ ڈپلومہ اور آٹھ سالہ وسیع تجربے کے ساتھ، صدام کی انڈسٹری سے گہری وابستگی اور تکنیکی مہارتیں FOTCO کے آپریشنز کو مزید مستحکم کریں گی۔



### محمد شکیل
جونیئر سپروائزر، آپریشنز، FOTCO

تیرہ سالہ تجربے اور انجینئرنگ میں ایسوسی ایٹ ڈپلومہ کے ساتھ، شکیل کی قائدانہ صلاحیتیں ٹیم کی کارکردگی کو اعلیٰ معیار پر برقرار رکھنے میں اہم کردار ادا کریں گی۔



### محمد شارخ
جیٹی آپریٹر، FOTCO

میرین انڈسٹری میں تیرہ سال سے زائد تجربے کے ساتھ، شارخ کی مہارت اور حفاظت و کارکردگی کے لیے ان کی وابستگی FOTCO کے آپریشنز کو مزید مؤثر بنائے گی۔


## پُر خلوص الوداع



ہم اپنے نئے ساتھیوں کو خوش آمدید کہتے ہوئے، دلشاد احمد کو خلوصِ دل سے الوداع کہتے ہیں، جنھوں نے تین دہائیوں سے زائد عرصہ FOTCO کے ایڈمن اور ایچ آر ڈپارٹمنٹ میں انتھک محنت سے اپنی خدمات انجام دیں۔ بطور سینئر سپروائزر ریٹائر ہوتے ہوئے، ان کی بے مثال لگن اور ادارے سے گہری وابستگی کو ہمیشہ قدر کی نگاہ سے دیکھا جائے گا۔ ہم ان کے روشن مستقبل کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کرتے ہیں۔


## FOTCO کی پروڈکٹس کے لحاظ سے ہینڈلنگ

**Product Wise Handling ('000 MT)**




## FTTL کی پروڈکٹس کے لحاظ سے ہینڈلنگ

**THROUGHPUT (MT)**




# اعداد و شمار میں بہتری

جولائی ۔ دسمبر 2024 کی جھلکیاں

ہینڈلڈ جہازوں کی تعداد
**135**

ہینڈلڈ مصنوعات
**6,255,448 M.Tons**

جہازوں کی DWT
**Min 18600 & Max 69800**

اوسط بہاؤ کی شرح
**1646 MT/HR**

ٹرمینل کی دستیابی
**99%**

ٹرمینل کا استعمال
**55%**

کُل غیر فعال وقت
**1870 Hrs**

جیٹی کی خالی جگہ
**64 Days**



## بہتری کی جانب سفر، اعلیٰ کارکردگی کے ساتھ

مؤثر شٹ ڈاؤنز، کامیاب مینٹیننس منصوبے، اور حفاظت و نیویگیشن میں اسٹریٹجک پیش رفت ہماری ٹیم کی لگن کا ثبوت ہیں۔ یہی عزم FOTCO کی کامیابی کو مسلسل آگے بڑھا رہا ہے اور ایک مستحکم ترقی کے روشن مستقبل کی ضمانت بن رہا ہے۔

## ہر قدم پر مؤثر کارکردگی

FTTL نے مؤثر اور کم لاگت مینٹیننس منصوبوں، مضبوط صنعتی اشتراکات، اور کامیاب کنڈینسیٹ آپریشنز میں نمایاں کامیابیاں حاصل کیں۔ یہ مسلسل کاوشیں ہماری آپریشنل کامیابی کو مزید مستحکم کر رہی ہیں۔



### مضبوط ٹیموں کی تشکیل

ہم اپنی ٹیم کو سب سے قیمتی اثاثہ سمجھتے ہیں اور ان کی ترقی میں سرمایہ کاری کرتے ہیں، جس میں تکنیکی مہارتوں اور سافٹ اسکلز کی تربیت شامل ہے کیونکہ باہمی ہم آہنگی کو فروغ دینے والی سرگرمیاں ایک مثبت اور متحرک سیکھنے کے ماحول کو یقینی بناتی ہیں، جہاں مسلسل بہتری کی ثقافت پروان چڑھتی ہے۔

### حفاظت اور پائیداری سے وابستگی

ہمارا حفاظتی عزم مسلسل اقدامات میں جھلکتا ہے، جن میں حفاظتی مشقیں، بین الاقوامی سرٹیفیکیشن معیارات پر عمل، سخت آڈٹس، مؤثر ESG اقدامات اور دیگر کئی منصوبے شامل ہیں۔ یہ تمام کوششیں زیادہ محفوظ اور پائیدار دنیا کے ہمارے وژن کو مستحکم کرتی ہیں۔







# ہماری بڑی کامیابیاں!

## (جولائی 2024 - دسمبر 2024)

سال کے دوسرے نصف میں، ہمارا کامیابیوں کا سفر غیر معمولی ترقی اور مسلسل پیش رفت سے مزین رہا۔ آپریشنل بہتری، مؤثر تربیتی اقدامات، اہم حفاظتی سنگ میل اور ٹیم کی مثالی ہم آہنگی نے ہماری مسلسل کامیابی کو یقینی بنایا۔

# ایڈیٹر نوٹ

عزیز قارئین،
Life@Terminals نیوز لیٹر کے پہلے شمارے میں خوش آمدید! ہمیں خوشی ہے کہ ہم اس نیوز لیٹر کے ذریعے آپ کے ساتھ ادارے کی تازہ ترین پیش رفت، بصیرتیں اور متاثر کن کہانیاں کا تبادلہ کر رہے ہیں۔ اُمید ہے کہ یہ سلسلہ آپ کو نہ صرف باخبر رکھے گا بلکہ ادارے کے ساتھ آپ کے تعلق کو مزید مضبوط بھی بنائے گا۔

اس شمارے میں ہم جدت اور ٹیم ورک کے عزم کو نمایاں کر رہے ہیں۔ سکردو کے دلکش مناظر میں ٹیم کے ساتھ گزارے گئے یادگار لمحات سے لے کر Odoo کے ذریعے ڈیجیٹل ٹرانسفارمیشن، اور سولر پارک میں پائیداری کے اقدامات تک،یہ سب ترقی کے اس سفر کا حصہ ہیں جسے ہم سب مل کر طے کر رہے ہیں۔ یہ نیوز لیٹر آپ کے لیے نہ صرف معلوماتی بلکہ حوصلہ افزا بھی ثابت ہوگا۔

آپ کی آراء اور خیالات ہمارے لیے بے حد قیمتی ہیں۔ ہم آپ کی تجاویز، تجربات اور آئیڈیاز کے منتظر ہیں تاکہ اس نیوز لیٹر کو مزید بہتر بنایا جا سکے اور یہ FOTCO & FTTL فیملی کی حقیقی ترجمانی کرے۔

آپ کے تعاون اور دلچسپی کا شکریہ! آیئے ہم سے جُڑے رہیں، سیکھیں، اور ایک دوسرے کو مثبت انداز میں متاثر کرنے اور نکھارنے کے لیے ہمیشہ تیار رہیں۔

آپ کا مطالعہ خوشگوار رہے !
صدف گل شیخ

# تیل کی صنعت کا جائزہ

سال 2024 میں، پاکستان کی تیل کی سپلائی توانائی کی سلامتی کے لیے ایک بنیادی ستون رہی، جسے طلب میں اتار چڑھاؤ، درآمدی رجحانات اور اسٹریٹیجک سرمایہ کاری نے متاثر کیا۔ صنعتی سرگرمیوں اور ٹرانسپورٹ ایندھن کی کھپت میں بحالی کے آثار نظر آئے، لیکن مجموعی ترقی اقتصادی غیر یقینی صورتحال، مہنگائی، اور عالمی تیل کی قیمتوں میں تبدیلیوں کی وجہ سے معتدل رہی۔ خام تیل کی درآمدات مقامی ریفائننگ کی ضروریات پوری کرنے میں مرکزی کردار ادا کرتی رہیں، جبکہ ریفائنریزنے زائد پیداوار اور ذخیرہ کرنے کی حد بندیوں کو متوازن کرنے کے لیے فیول آئل کی برآمدات میں اضافہ کیا۔

چیلنجز کے باوجود، اس شعبے میں پائیداری اور تنوع کے حوالے سے اہم پیش رفت دیکھنے میں آئی۔ ریفائننگ کی صلاحیت بڑھانے کے منصوبے، آف شور ایکسپلوریشن پر بات چیت، اور عالمی سپلائرز کے ساتھ نئی شراکت داریوں کے ذریعے فراہمی کی سلامتی کو مضبوط کرنے کی کوششیں کی جا رہی ہیں۔ مزید برآں، قابل تجدید توانائی کے انضمام اور کم اخراج والے ایندھن کے منصوبوں جیسی پائیداری کی پہل کاریوں نے اہمیت حاصل کی، جو ماحول دوست توانائی کے حل کی جانب ایک وسیع تر تبدیلی کی عکاسی کرتی ہیں۔ اگرچہ قلیل مدتی ترقی کی پیش گوئیاں معتدل ہیں، لیکن پاکستان کی تیل کی صنعت عالمی مارکیٹ کے رجحانات اور ملکی پالیسی اصلاحات کے مطابق ڈھلنے کی کوشش کر رہی ہے تاکہ طویل مدتی استحکام یقینی بنایا جا سکے۔

ڈاؤن ٹائم
ZERO
گھنٹے

درآمدات
13.864K
میٹرک ٹن

POL کھپت
23.782K
میٹرک ٹن



جولائی ۔ دسمبر 2024 ایڈیشن 05

# LIFE @ TERMINALS

## اندرونی صفحات


| | | | |
|---|---|---|---|
| 55 | اعداد و شمار میں بہتری | 43 | سرورق |
| 47 | کارپوریٹ دورے | 41 | مہارت میں کمال |


## مل کر آگے بڑھیں! لیڈرشپ ریٹریٹ 2024

سکردو کے دلکش ماحول میں، FOTCO اور FTTL کی ٹیموں نے ایک یادگار چار روزہ سفر میں شرکت کی، جس کا مقصد ترقی، اعتماد اور تعاون کو فروغ دینا تھا۔ ہیلن کیلر نے کہا ہے کہ "اکیلے ہم سب ممکن نہیں کرسکتے، مگر ساتھ مل کر ہم سب کچھ ممکن بنا سکتے ہیں۔" تو اسی طرح اس ریٹریٹ میں ہم نے سیکھا کہ حقیقی کامیابی صرف ایک ٹیم بن کر ہی حاصل کی جاسکتی ہے ۔

مکمل کہانی اندرونی صفحات 43-42 پر ملاحظہ کریں۔

